اکرام اللہ ساجد

تبصرۂ کتب

نام کتاب : شرف المسلم (عربی)
تالیف : الدکتور محمد اسحاق (مدینہ منورۃ)
ضخامت : ۸۰ اصفحات
ناشر : الدکتور محمد اسحاق ص ب ۷۵۵۸ - المدینۃ المنورۃ، المملکۃ العربیۃ السعودیۃ
عربی ٹائپ، سفید کاغذ، قیمت درج نہیں!

ڈاڑھی رکھنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت ہے اور مسلمان کے لیے باعثِ شرف بھی! ——— لیکن افسوس، آج کا مسلمان اس شرف سے عاری ہو چکا ہے، الا ماشاءاللہ! ——— مؤلف کی یہ کتاب اسی موضوع پر ہے۔ موصوف نے مقدمۃ الکتاب میں تحریر فرمایا ہے کہ:

اللہ تعالیٰ ہمارا خالق ہے اور اللہ تعالیٰ ہی نے ڈاڑھی کو ہمارے چہروں پر سجا کر ہمیں شرف و جمال سے نوازا ہے۔ لیکن مسلمانوں کی ایک کثیر تعداد اس عطیۂ خداوندی کی اس قدر دشمن ہے کہ اس کو مونڈنا ان کے یومیہ وظائف کا ایک حصہ بن چکا ہے۔ حالانکہ ایک بچہ جب جوان ہوتا ہے اور ابھی اس کی ڈاڑھی نہیں ہوتی تو لوگ اسے "امرد" کہتے ہیں۔ لیکن جب ڈاڑھی اس کے چہرے پر اترتی ہے تو وہ اسے مونڈ کر اپنے تئیں گویا مخنّث بنا لیتا ہے ——— علاوہ ازیں ڈاڑھی مونڈنا کئی طرح سے قابلِ مذمت ہے۔ مثلاً:

۱- اس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس فرمان کہ "اپنی ڈاڑھیوں